© rasailojaraid.com

# فرصت کے چند لمحے

اگر انسان وقت کا حساب لگائے تو اسے یہ پتہ چلے گا کہ وہ تمام کام تو کم کرتا ہے لیکن اس کے مقابلہ میں اس کا وقت بہت زیادہ ضائع ہو جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ لوگ اپنا بیشتر وقت تفریح میں، یا بیکار باتیں بنانے میں ضائع کر دیتے ہیں۔ اگر وہ اپنے ضائع شدہ وقت میں سے آدھے وقت کو بھی کار آمد چیزوں میں صرف کریں تو انہیں بے پناہ فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔

دنیا کے نامور کروڑ پتی مسٹر جے آرکین ابتداء میں بالکل مفلس اور قلاش تھے۔ اپنی دولت مندی پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ اپنی سوانح حیات میں لکھتے ہیں ''میں ابتداء میں ایک اخباری رپورٹر کی حیثیت سے کام کرتا تھا۔ صرف چند گھنٹہ کام کرنے کے بعد اتنا کما لیتا تھا جو میری ضروریات زندگی کے لئے کافی ہوتا تھا۔ اور اپنا باقی وقت سیر و تفریح میں گزار دیتا تھا۔ لیکن یکا یک مجھے محسوس ہوا کہ میں نے اپنی زندگی میں فرصت کے لمحوں کو گنوا دیا۔ اور جب میں نے فرصت کے لمحوں سے فائدہ اٹھایا تو مجھے افسوس ہوا کہ میں نے یہ قیمتی لمحے کیوں ضائع کر دیئے۔ چنانچہ بچے ہوئے وقت سے فائدہ اٹھا کر میں نے دو ہزار پونڈ جمع کر لئے اور پھر ان دو ہزار پونڈ سے تجارت کر کے میں کروڑ پتی بن گیا۔ میرا خیال ہے کہ اگر لوگوں کو فرصت کے لمحوں سے فائدہ اٹھانے کا راز معلوم ہو جائے تو وہ چند روز میں کچھ سے کچھ بن سکتے ہیں۔

دنیا کے نامور سیاست داں میکائل فراڈے نے فرصت ہی کے لمحوں سے فائدہ اٹھا کر ترقی کی ہے۔ یہ ابتداء میں جلد سازی کا کام کیا کرتا تھا۔ اور اس پیشہ سے جو وقت بھی بچتا تھا اسے سائنس کے تجربوں پر صرف کرتا رہتا تھا۔ اس کے ساتھی اسے دیوانہ سمجھتے تھے۔ لیکن انہیں فرصت کے اوقات نے اسے دنیا کا کامیاب ترین سائنسدان بنا دیا۔ چنانچہ اس فن میں جو آج ترقیاں دکھائی دے رہی ہیں ان کے بیشتر حصہ کی بنیاد گیلوانی اور فراڈ کی تحقیقات پر مبنی ہیں۔

امریکہ کے سب سے بڑے ریاضی داں ''فراسٹ'' سے ساری دنیا واقف ہے۔ اس کی قابل قدر تصانیف کو بڑی وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ لیکن بہت کم لوگوں کو یہ معلوم ہے کہ ابتدا میں فراسٹ ویرمانٹ کا ایک معمولی سا موچی تھا جسے ابتدا ہی سے فن ریاضی سے دلچسپی تھی۔ جس زمانہ میں یہ موچی کا کام کرتا تھا اس نے اپنا یہ معمول بنا لیا تھا کہ یہ اپنا پورا فالتو وقت کتابوں کے مطالعہ میں صرف کرتا تھا۔ چنانچہ اس فالتو وقت نے اسے ایک روز دنیا کا سب سے بڑا ریاضی داں بنا دیا۔ صرف ایک فراسٹ کے حالات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اگر ایک شخص اپنی فرصت کے لمحوں سے فائدہ اٹھائے تو وہ دنیا میں بہت کچھ کر سکتا ہے۔

(منصور اسلامی)

© rasailojaraid.com